سوال

(734) کیا یہ وظیفہ قرآن وسنت سے ثابت ہے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

سورۂ کہف کی تشریح میں پڑھا تھا کہ آخری آیات اِنَّ الَّذِینَ اٰمَنُوْا . . . پڑھنے سے صبح جس وقت اُٹھنا چاہیں آنکھ کھل جاتی ہے ۔ اور حقیقتاً یہ وظیفہ کارگر بھی ہوا ہے کیا یہ وظیفہ قرآن و سنت سے ثابت ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

امام سیوطی نے فضائل القرآن لابن الضریس کے حوالہ سے درمنثور میں لکھا ہے : ((عَنْ إِسْمَاعِیلَ بْنِ أَبِیْ رَافِعٍ قَالَ : بَلَغَنَا أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ : أَلاَ أُخْبِرُکُمْ . . . الحدیث وَفِیْ آخِرِہٖ : وَمَنْ قَرَأَ الْخَمْسَ آیَاتٍ مِنْ خَاتِمَتِھَا حِیْنَ یَأْخُذُ مَضْجَعَہٗ مِنْ فِرَاشِہٖ حُفِظَ ، وَبُعِثَ مِنْ أَیِّ اللَّیْلِ شَائَ)) (۴/۲۵۷) مگر یہ اسماعیل بن أبی رافع کی بلاغ ہونے کی بناء پر ثابت نہیں ۔

۱۳/۱/۱۴۲۴ھ

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

جلد 02 ص 732

محدث فتویٰ